مجلّہ طلوعِ اسلام کا اجراء 1938ء میں علامہ اقبالؒ کے ایماء اور قائداعظمؒ کی خواہش پر عمل میں آیا۔

قرآنی ربوبیت کا پیامبر

طلوعِ اسلام

ماہنامہ ___________ لاہور

خط و کتابت: ناظم ادارہ طلوعِ اسلام (رجسٹرڈ) 25-بی گلبرگ۔2 لاہور 54660

ٹیلی فون: 876219 فیکس: 92-42-5764484

فہرست مشمولات

لمعات	ادارہ	2
انفاق	محمد آصف	7
اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 50 سال	حنیف وجدانی	22
کشت خیال	متفرق	26
اوکاڑہ میں بھی	ادارہ	30
احتساب خویش	ڈاکٹر اسلم نوید	37
Why Is Islam The Only True Deen	ڈاکٹر منظور الحق	64

قارئین کو یہ دیکھ کر خوشی ہوگی کہ مجلّہ طلوعِ اسلام اپنے دورِ ثانی سے پاکستان کے ساتھ قدم بقدم چل رہا ہے۔

انتظامیہ چیئرمین: ایاز حسین انصاری۔ ناظم۔ محمد لطیف چوہدری
مدیر مسول: محمد لطیف چوہدری۔ مجلس ادارت: میجر محمد یوسف ڈار۔ محمد عمر دراز۔ ڈاکٹر صلاح الدین اکبر۔
ناشر: عطاالرحمن ارائیں۔
طابع: خالد منصور نسیم۔ مطبع: النور پرنٹرز 3/2 فیصل نگر ملتان روڈ لاہور۔
مقام اشاعت: B-25 گلبرگ 2 لاہور-54660

جلد 50 شمارہ 05- مئی 1997ء

بدل اشتراک

ایشیاء، افریقہ، یورپ 600 روپے آسٹریلیا، امریکہ، کینیڈا 800 روپے اندرون ملک فی پرچہ = 15 روپے سالانہ 170 روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

قانون ساز اداروں کی خدمت میں

مملکتیں وجود میں آتی ہیں' مملکتیں ختم ہو جاتی ہیں۔ سلطنتیں قائم ہوتی ہیں' سلطنتیں فنا ہو جاتی ہیں۔ حکومتیں بنتی ہیں، حکومتیں ٹوٹتی ہیں۔ یہ تاریخ کی گردش دولابی ہے جو شروع سے آج تک جاری و ساری ہے۔ حکومتوں کے نفع بخش کارناموں کی یاد اُنؔ کے ٹوٹ جانے کے بعد بھی لوگوں کے ذہن میں رہتی ہے۔ ان کے مرتب اور نافذ کردہ قوانین اپنی مدت العمر ختم کرنے کے بعد صفحہ تاریخ سے مٹ جاتے ہیں اور ان کی جگہ دوسرے قوانین لے لیتے ہیں۔ اس تبدیلی میں کچھ زیادہ عرصہ نہیں لگتا کیونکہ زمانے کے تقاضے جلدی جلدی بدلتے رہتے ہیں۔ لیکن کوئی حکومت جو لکیریں مذہب کے نام سے کھینچ دیتی ہے ان کی عمر بڑی دراز ہوتی ہے اور (اگر وہ غلط تھیں تو) ان کی تباہ کاریوں کا سلسلہ بھی مدتِ مدید تک جاری رہتا ہے۔ یہ اس لئے کہ مذہب کا تعلق انسان کے لطیف ترین جذبات سے ہوتا ہے اور ان کے پیدا کردہ نقوش مٹتے مٹتے بھی صدیاں لے لیتے ہیں۔

جنرل ضیاء الحق مرحوم نے اپنے دور کا طویل ترین مارشل لاء اُٹھانے سے پہلے اسمبلیاں توڑنے کا اختیار اپنے پاس رکھنے کے لئے آئین میں آرٹیکل 58(2)B کے نام سے ایک نئی شق داخل کروائی جس کے تحت 1988ء میں محمد خان جونیجو (مرحوم)' 1990ء میں محترمہ بے نظیر' 1993ء میں میاں محمد نواز شریف اور 1996ء میں بارِ دِگر محترمہ بے نظیر کی حکومتیں اور اسمبلیاں توڑ دی گئیں۔ اس دوران ہر حکومت کی یہ کوشش رہی کہ یہ ترمیم ختم ہو جائے لیکن بھرپور مینڈیٹ نہ ہونے کی وجہ سے کوئی حکومت بھی یہ قدم نہ اٹھا سکی' تاآنکہ یکم اپریل 1997ء کو مسلم لیگ اور اس کی اتحادی جماعتوں کی موجودہ حکومت نے اس ترمیم کو ختم کر دیا جس سے قوم نے بالعموم اور سیاستدانوں نے بالخصوص سکھ کا سانس لیا۔

1973ء کے آئین کی بحالی کی طرف اس پہلے قدم پر ہم ان تمام سیاستدانوں اور بہی خواہانِ ملّت کو مبارک باد پیش کرتے ہیں جنھوں نے بالواسطہ یا بلاواسطہ اس کام میں حصہ لیا اور ان کی توجہ ایک ایسی ترمیم کی طرف دلاتے ہیں جس نے مسلمان قوم میں فرقہ واریت کو آئینی تحفظ فراہم کر کے ملک کے سنجیدہ طبقوں کو وقفِ اضطراب کر رکھا ہے۔

دستورِ پاکستان کی شق (آرٹیکل) (1) 227 میں کہا گیا ہے۔

> "تمام موجودہ قوانین کو اسلامی احکام کے مطابق وضع کیا جائے گا جو
> قرآن و سُنّت میں مذکور ہیں اور کوئی ایسا قانون وضع نہیں کیا جائے گا جو ان

احکام کے خلاف ہو"

اس سے مترشح ہوتا ہے کہ کسی قانون کے اسلامی ہونے کی شرط یہ ہے کہ وہ قرآن و سنت کے مطابق ہو۔

اس کے بعد صدارتی حکم نمبر 14 مجریہ 18 ستمبر 1980ء کی رُو سے مندرجہ بالا آرٹیکل میں ترمیم ان الفاظ میں کر دی گئی۔

وضاحت: جب ان قوانین کا اطلاق مسلمانوں کے کسی فرقہ کے پرنسپل لاز (شخصی قوانین) پر ہو گا تو قرآن و سُنت سے مُراد اس فرقہ کی اپنی تعبیر ہو گی۔

غور کیجئے! دستور کی شق 227 میں ایک طرف تو یہ کہا گیا ہے کہ ملک کے تمام قوانین " قرآن و سنت " کے مطابق ترتیب دیئے جائیں گے اور آئندہ کوئی ایسا قانون بنایا ہی نہیں جائے گا جو " قرآن و سنت " کے خلاف جاتا ہو اور دوسری طرف اِسی شق کے " وضاحتی نوٹ " میں اس اصول کی یہ کہہ کر خود ہی نفی کر دی کہ ہر مذہبی فرقہ، شخصی (Personal) قوانین کی حد تک، قرآن و سُنت کی اصطلاح کی تعریف و تعبیر اپنے اپنے فرقے کی فقہ و روایات کے مطابق کر سکتا ہے۔ گویا اسلام کے نام پر حاصل کئے جانے والے ملک کے دستور میں مذہبی فرقوں کے وجود کو نہ صرف یہ کہ آئینی طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے بلکہ ایک ہی مملکت میں رہتے ہوئے ہر مذہبی فرقے کو، شخصی قوانین کی حد تک ہی سہی، الگ الگ قانونی ضابطوں پر چلنے کی اجازت بھی دے دی گئی ہے اور اس طرح دین کی وحدت کو شخصی اور پبلک لاز میں تقسیم کر کے فرقہ پرستی کے بارے میں قرآن کے واضح احکام کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دی گئی ہیں۔

فرمان خداوندی ہے۔

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَٰتُ ۚ وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ (3/105)

اور تم نے ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے تفرقہ کیا اور اختلاف کیا، بعد اِس کے کہ ان کے پاس واضح احکام آ گئے تھے۔ انہی کے لئے سخت ترین عذاب ہے۔

رسول اللہؐ سے کہا گیا ہے کہ۔

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ (6/160)

وہ لوگ جنہوں نے اپنے دین میں تفرقہ پیدا کیا اور گروہ در گروہ ہو گئے، تیرا (اے رسولؐ) ان سے کچھ واسطہ نہیں۔

اور یہ واضح کر دیا کہ

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ......(3/103)

اور تم سب کے سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رہو اور تفرقہ پیدا مت کرو۔

یوں بھی ملتِ اسلامیہ میں مسلمان اُمتِ واحدہ کے افراد ہوتے ہیں اور سب کے سب ایک ہی ضابطۂ قوانین کے تحت زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ ضابطۂ قوانین قرآنِ مجید کی ابدی اور غیر متبدل حدود کے اندر رہتے ہوئے اُمت کے باہمی مشورے سے اپنے زمانے کے تقاضوں کے مطابق وضع کیا جاتا ہے اور اس ضابطۂ قوانین کا نفاذ مملکت کی سنٹرل اتھارٹی کی طرف سے ہی ہو سکتا ہے۔ یہی تھا وہ مقصد جس کے لئے ہندوستان میں رہتے ہوئے جداگانہ مملکت کی ضرورت پیش آئی اور ایک الگ ملک، پاکستان حاصل کیا گیا۔

یاد کیجئے! قوانین، اسلامی حکومت کی طرف سے مرتّب و نافذ ہوں گے تو ان کا اطلاق تمام اُمّت پر یکساں ہو گا، اِس سے اُمت میں کوئی فرقہ پیدا نہ ہو گا۔ جب یہ قوانین افراد (فقہا) کی طرف سے مدوّن ہوں گے تو ان کا اطلاق صرف ان کی فقہ کے متبعین پر ہو سکے گا۔ اس طرح اُمّت میں مختلف فرقے پیدا ہوں گے اور جو فرقے پہلے سے موجود ہیں وہ اور بھی مستحکم ہوں گے، حالانکہ اسلام کا مقصود اور اس کے عملی نظام کی غایت یہ ہے کہ نوعِ انسانی کے اختلافات و افتراقات کو ختم کر کے اسے آسمانی اقدار کی بنیاد پر ایک عالمگیر برادری بنا دیا جائے (2/213)۔ ان اختلافات کو مٹانے کے لئے آسمانی رُشد و ہدایت (قرآنِ مجید) ہمارے پاس موجود ہے۔ ہمارا فریضہ یہ ہے کہ قرآنی تعلیم کو عام کر کے پہلے مسلمانوں کے اور پھر تمام انسانوں کے تفرقے مٹاتے چلے جائیں۔ اس کا عملی طریق یہ ہو گا کہ قرآنِ حکیم کے مقرر کردہ ضابطۂ حیات کو تمام اختلافی معاملات میں آخری سند تسلیم کیا جائے اور اس کے تحت قانون سازی کا کام قانون ساز اداروں کے سپرد ہو اور اختلافی امور کا فیصلہ ملک کی اعلیٰ عدالتیں کریں جو قرآنی احکام کی پابند ہوں گی۔ قرآنِ حکیم نے اسلام کو "اللہ کا دین" کہا ہے (5/2) رسول اللہؐ پہلے اللہ کے اس دین پر خود ایمان لائے (2/285) اسی کو اپنا وظیفۂ حیات بنایا اور اسی کو نافذ کیا (46:9) اور یہی حضورؐ کا کبھی نہ بدلنے والا طریق (یعنی سنت) تھا۔ یہی تھا وہ دین جو اُس اسلامی مملکت کا دستور تھا جسے رسول اللہؐ نے مدینہ میں قائم فرمایا تھا۔ اِسی اسوۂ حسنہ کی ہمیں تقلید کرنی تھی لیکن ہم نے کیا کیا۔ 26 سال کے غور و خوض کے بعد فیصلہ کیا کہ ہمارے قوانین قرآن و سُنّت کے مطابق ہوں گے اور اس کے بعد 7 سال کے اندر اندر فرقہ پرست علماء کا یہ مطالبہ ماننے پر مجبور ہو گئے کہ قانون سازی کے لئے قوم جسے چاہے منتخب کرے اور وہ جو قوانین چاہیں بنائیں، ہمارے متبعین کے شخصی معاملات پر ان کے بنائے ہوئے قوانین تو ایک طرف "قرآن و سُنّت" کا اطلاق بھی ہماری مرضی کے خلاف نہ ہو سکے گا۔ نتیجہ صاف ظاہر ہے جس ملک میں حکمرانی کے اختیارات بیک وقت دو طاقتوں میں بٹے ہوئے ہوں وہاں اتحاد، محبت اور یگانگت کا خواب کیونکر شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے؟

ہماری حالت بھی عجیب ہے۔ ایک طرف ہمارے ہاں مذہبی تعصب اور فرقہ وارانہ نخوت آخری کناروں کو چھو رہی ہے۔ ہر ہفتے کوئی سُنّی قتل ہوتا ہے یا کوئی شیعہ گولیوں سے بھون دیا جاتا ہے۔ فرقوں کے نام پر الگ الگ "سپاہ" وجود میں آ چکی ہیں۔ ہر کس و ناکس دل کی گہرائیوں سے محسوس کر رہا ہے کہ آبروے اسلام خطرے میں ہے لیکن ہمارے مذہبی پیشوا اس بات پر اُدھار کھائے بیٹھے ہیں کہ قوم کفر پر متحد ہو جائے تو اُن کی بلا سے' "قران و سُنّت" پر وہ قوم کو کبھی متفق نہیں ہونے دیں گے۔ شاید اس لئے کہ آئین میں آرٹیکل 227 کے وضاحتی نوٹ کی رُو سے اسلام کے اندر اپنے متبعین کے تصورات و اعتقادات میں تفریق قائم رکھنا ان کا آئینی حق ہے۔ لہٰذا یہ وضاحتی نوٹ جو سیاسی مصلحتوں کی پیداوار ہے اور جس کا خمیازہ قوم اس حد تک بھگت چکی ہے کہ آج مسجد تک میں جانے سے پہلے اہلِ خانہ کو وصیت کرنے کی ضرورت پیش آ رہی ہے' جلد سے جلد ختم ہونا چاہیئے۔

فرقہ واریت کے آتش فشاں پر کھڑی اس قوم سے اگر تھوڑی سی بھی ہمدردی ہے تو قانون ساز اداروں کو ان حالات کا از خود نوٹس لیتے ہوئے ایسے سب چور دروازے بند کرنا ہوں گے جن سے فرقہ واریت کے جراثیم قوم کے جسم میں داخل ہو کر پیار' محبت اور یگانگت کی فضا کو متاثر کر رہے ہیں۔

ماہنامہ میثاق اپریل 1997ء کے مطابق تنظیم اسلامی کے امیر ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے بھی "تکمیل دستور اسلامی" کی ملک گیر مہم کا آغاز کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اسلام میں قانون کا بنیادی اصول سورۃ النساء کی آیت 59 کے حوالے سے یوں سمجھا جا سکتا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ

"اے اہلِ ایمان' اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول ؐ کی اور اپنے میں سے اولی الامر کی"

اور اگر کسی معاملے میں اختلاف پیدا ہو جائے تو اس آیت کے اگلے حصے کے مطابق

فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ .....

"اور اگر تم کسی معاملے میں آپس میں جھگڑ پڑو تو اسے اللہ اور اس کے رسول ؐ کی طرف پھیر دو"

اللہ اور اس کے رسول ؐ کی طرف پھیر دینے سے مراد قرآن اور سنّتِ رسول ؐ کی طرف رجوع کرنا ہے۔ لیکن یہ کون طے کرے گا کہ یہ معاملہ قرآن اور سنّت سے متجاوز ہوا ہے یا نہیں ؟ ڈاکٹر صاحب کے نزدیک یہ بات عدلیہ طے کرے گی اور عدلیہ کا فیصلہ حتمی ہو گا اور قانون ساز ادارے اس فیصلے کے مطابق قانون سازی کرنے کے پابند ہوں گے۔

اس کے لئے باقاعدہ مہم کا آغاز کرتے ہوئے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ دستور کی دفعہ 203 (ب) کی ذیلی شق (ج) کے ذریعہ وفاقی شریعت کورٹ کے دائرہ کار سے جو استثناء مسلم پرسنل لاء

اور جوڈیشل لاز کو دیا گیا ہے اسے ختم کیا جائے۔

ہمیں ڈاکٹر صاحب کی رائے سے اس حد تک تو اتفاق ہے کہ عدلیہ مکمل طور پر خود مختار ہو اور قرآن و سنت* کے مطابق کئے گئے اس کے فیصلوں کا اطلاق پاکستان میں بسنے والے سب مسلمانوں پر یکساں ہو' لیکن ہمیں حیرت ہوئی کہ ڈاکٹر صاحب نے دستور کے آرٹیکل 227 کے وضاحتی نوٹ کے متعلق کچھ نہیں کہا جو عدلیہ پر یہ پابندی عائد کرتا ہے کہ کوئی فیصلہ کرتے وقت عدلیہ قرآن و سنت کے متن کو نہیں بلکہ اس کی اس تعبیر کو سامنے رکھے گی جو مدعی کے فرقے کو قابل قبول ہو اور عدالت کے فیصلے کے مطابق جو بھی قانون بنے گا اس کا اطلاق بھی اسی فرقے پر ہو گا جس فرقے کی تعبیر کے مطابق' یہ فیصلہ دیا گیا ہے۔ آئین میں اس توضیح کی موجودگی میں نہ تو کوئی فیصلہ ہو سکے گا اور نہ ہی قانون سازی کے عمل کو ہمہ گیر بنانا ممکن ہو گا۔ پرسنل لاز جس کا اطلاق پاکستان کے تمام مسلمان شہریوں پر ہوتا ہو' کے استثناء کو بقول ڈاکٹر صاحب اگر ختم کر بھی دیا جائے تو بھی آرٹیکل (2)227 کے وضاحتی نوٹ کی موجودگی میں عدالت کوئی فیصلہ قرآن و سنت کے مطابق کیونکر کر سکے گی اور اس فیصلے کے تحت پورے ملک کے لئے قانون سازی کیونکر ہو سکے گی۔ قرآن و سنّت کو "شیعہ" اور "سنّی" فرقوں کے پیمانوں پر پرکھنے کی پابندی جب تک ختم نہیں ہو گی' نہ عدالت کچھ کر سکے گی نہ قرآن و سنّت کا وقار بحال ہو گا۔ لہٰذا ہم چاہیں گے کہ قوانین کو پرکھنے کے لئے عدالت کو "قرآن و سنّت" کی پابندی کے علاوہ ہر اُس پابندی سے آزاد کیا جائے جو قانون سازی کی راہ میں رکاوٹ اور قوم کو مزید فرقوں میں بانٹنے کا باعث بن سکتی ہو۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ آرٹیکل 203 (ب) میں کی گئی استثنیات کے ساتھ ساتھ آرٹیکل 227 میں شامل کیا گیا وضاحتی نوٹ بھی ختم کیا جائے تاکہ نبیٔ اکرمؐ کو روزِ محشر اللہ کے حضور ہمارے متعلق یہ شکایت نہ کرنی پڑے کہ اے میرے رب! یہ ہے میری وہ قوم جس نے قرآن کو "مہجور" (پابند) کر رکھا تھا۔

و قال الرسول یرب ان قومی اتخذوا هذا القرآن مهجورا ○ (25/30)

● ● ● ●

☆ ہمارے نزدیک سنت کا مفہوم اس کے علاوہ کچھ اور نہیں جسے خود حضور نبی اکرمؐ نے اپنی لسان مبارک سے بیان فرمایا ہے یعنی ان اتبع الا ما یوحیٰ الی (میرا کبھی نہ بدلنے والا طریق یہ ہے کہ) میں صرف اسی کا اتباع کرتا ہوں جو مجھ پر وحی کیا جاتا ہے۔

● ● ● ●

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انفاق

محمد آصف (لیکچرار شماریات)

نظامِ انفاق کے مقاصد درج ذیل ہیں۔

1- مال و دولت کو اجتماعی مفادِ انسانیہ کے لئے کھلا رکھنا

2- دولت کو اس انداز سے گردش دینا کہ وہ امیروں کے گھروں میں ہی نہ پھرتی رہے۔ (59/7)۔

3- افرادِ معاشرہ کو معاشی عدم تحفظ کے خوف سے بتدریج آزاد کرانا۔

4- معاشی مسائل کو نجی سطح پر اس انداز سے حل کرنا کہ کسی شخص کی عزتِ نفس مجروح نہ ہو۔

5- نظامِ انفاق کے قیام کی صورت میں امت مسلمہ میں اخوت و محبت کو فروغ دینا۔

❁ ❁ ❁ ❁

قرآن کریم نے انسان کی پیدائش کے سلسلے میں کہا ہے۔

وَ بَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ○ (32/7)

(خدا کے عالمِ امر میں اس اسکیم کے طے پا جانے کے بعد) انسان کی تخلیق کی ابتدا طین (یعنی بے جان مادہ) سے ہوئی۔

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ○ (32/8)

(اس کے بعد یہ کاروانِ حیات مختلف مراحل طے کرتا ہوا اس وادی میں آن پہنچا جہاں) افزائش نسل بذریعہ تولید (یعنی نر اور مادہ کے اختلاط سے) ہوئی۔

اس مرحلہ تک یہ طریقِ تخلیق حیوانات اور انسانوں میں مشترک تھا۔ لیکن جب سلسلۂ ارتقاء آگے بڑھا تو انسان کو خدا نے ایک امتیازی خصوصیت سے نوازا جس کے متعلق فرمایا۔

وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ (32/9)

پھر خدا نے انسان کو اپنی روح (یعنی الوہیاتی توانائی) کا ایک شمّہ عطا کر دیا۔

اس الوہیاتی توانائی (جسے نفس۔ انا۔ خودی یا انسانی ذات بھی کہتے ہیں) کے اضافہ سے انسان پھر دیگر مخلوقات سے بالکل الگ اور ممتاز مخلوق بن کر اپنے ارادہ، فیصلہ اور عمل کا ذمّہ دار قرار پا گیا۔

لہٰذا قرآن کی رُو سے انسان مشتمل ہے:

(1) جسم اور (2) انسانی ذات پر۔

قرآنی تصورِ حیات کی رُو سے انسانی زندگی کا مقصد " انسانی ذات " کی نشو و نما ہے۔ سورہ الشمس میں

ہے۔

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ○ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ○ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ○ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ○ (91/7-10)

(مفہوم) "نفس انسانی اور وہ قوتیں جو اس میں توازن اور تقویت پیدا کرتی ہیں اس پر شاہد ہیں کہ اس کے اندر اس امر کی صلاحیت رکھ دی گئی ہے کہ یہ چاہے تو (غلط روش پر چل کر) اپنے اندر انتشار پیدا کر لے اور چاہے تو تربیت پا کر مستحکم سے مستحکم تر ہوتی چلی جائے۔ سو جس نے اسے مفاد پرستیوں کے بوجھ تلے دبائے رکھا اور ابھرنے نہ دیا اس کی انسانی صلاحیتیں خوابیدہ کی خوابیدہ رہ گئیں۔ اس کا شعلۂ زندگی افسردہ ہو گیا۔"

آیئے اب اس بات کا جائزہ لیں کہ انسانی ذات کی نشو و نما کا طریق کیا ہے؟ انسانی جسم کی پرورش تو طبعی قوانین کی رُو سے ہوتی ہے لیکن انسانی ذات کی نشو و نما ان اصول و ضوابط کی رُو سے ہوتی ہے جنہیں مستقل اقدارِ خداوندی کہا جاتا ہے۔ یہ مستقل اقدار غیر متبدل اور ابدی ہوتی ہیں جو ہر دَور میں بنی نوع انسان کو بذریعہ وحی ملتی رہی ہیں لیکن کسی نہ کسی وجہ سے محفوظ نہ رہ سکیں اور اب آخری بار قرآنِ کریم میں دی گئی ہیں جو محفوظ صورت میں بنی نوع انسان کے پاس موجود ہے۔ اگر انسان ان مستقل اقدارِ خداوندی کے مطابق زندگی بسر کرے تو اس کی ذات کی نشو و نما ہو جاتی ہے اور اگر وہ ان سے انحراف کرے تو اس کی ذات میں ضعف یا انتشار پیدا ہو جاتا ہے۔ قرآن کریم کی رو سے وہ مستقل اقدار خداوندی جن کی رُو سے انسانی ذات کی نشو و نما ہوتی ہے متعدد ہیں لیکن ان سب میں ایک مستقل قدر ایسی ہے جس کے گرد باقی تمام اقدار گردش کرتی ہیں۔ یہ قدر ہے **رب العالمین** یعنی تمام کائنات کی ربوبیت۔

قرآن کریم کی سب سے پہلی آیت میں ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ (1/1) ہر قسم کی حمد و ستائش خدا ہی کے لئے ہے جو تمام کائنات کی ربوبیت کا ذمہ دار ہے۔

جب خدا کی یہی صفتِ ربوبیت انسانوں کی دنیا میں آئے گی، تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ انسانی ذات اسی صورت میں حمد و ستائش کے قابل قرار پائے گی جب وہ دوسرے انسانوں کی نشو و نما کا ذریعہ بنے گی۔

سورۃ الاعلیٰ میں ہے۔

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ○ (87/15)

اسی کی ذات حمد و ستائش کے قابل قرار پاتی ہے جو خدا کی صفت ربوبیت کو عملاً متشکل کرتا اور زندگی کے ہر گوشے میں اس کے قانون کے پیچھے چلتا ہے۔

قرآن کریم ایک ایسے معاشرے کی تشکیل چاہتا ہے جس میں تمام افراد معاشرہ انفاق (یعنی اپنی محنتوں کے ماحصل کو ربوبیت عامہ کیلئے کھلا چھوڑ دینے) کو اپنی زندگی کا نصب العین بنائیں۔

قرآن کریم میں متعدد ایسی آیات موجود ہیں جن میں رب کائنات نے امت مسلمہ کو مال و دولت میں سے انفاق کرنے کی ترغیبات و ہدایات دی ہیں۔

سورۃ آل عمران میں ہے۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ○ (3/92)

اگر تم زندگی کی وسعت و کشادگی چاہتے ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنی محنتوں کا عزیز ترین ماحصل، ربوبیت عامہ کے لئے کھلا چھوڑ دو۔ جو کچھ تم اس طرح ربوبیت عامہ کیلئے صرف کرو گے، خدا کو اس کا علم ہو گا۔ اس لئے تمہارا کوئی عمل نظر انداز نہیں ہونے پائے گا۔

انفاق (اپنی محنت کے ماحصل کو ربوبیت عامہ کے لئے کھلا رکھنے میں) بظاہر ایسا نظر آتا ہے کہ ہم دوسروں کے لئے خرچ کر رہے ہیں۔ لیکن یہ در حقیقت اپنی ذات کے لئے خرچ کرنا ہوتا ہے۔

وَاَنْفِقُوْا خَیْرًا لِّاَنْفُسِکُمْ ؕ وَمَنْ یُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ (64/16)

(مفہوم) "مال و دولت میں سے جو کچھ تم کھلا رکھتے ہو، وہ در حقیقت تمہاری اپنی ہی ذات کے کام آتا ہے۔ اس سے تمہاری نگاہوں میں ایسی کشادگی پیدا ہو جائے گی جس سے تم اس کوشش میں نہیں لگے رہو گے کہ دوسروں کو پیچھے دھکیل کر خود آگے بڑھ جاؤ اور اس طرح سب کچھ اپنے لئے سمیٹ لو ---- مفاد خویش کی تنگ نظری انسان کو یہی سکھاتی ہے کہ کھیتی اسی کی سر سبز ہوتی ہے جو دوسروں کی پرواہ کئے بغیر اپنے کھیت کو سیراب کرے اور ہمارا قانون ربوبیت یہ ہے کہ کھیتیاں ان کی پروان چڑھتی ہیں جو دوسروں کی ضرورت کو اپنی ضرورت پر ترجیح دیں"

" **انفاق فی سبیل اللہ** " کو کھیتی کی مثال کے ذریعے سمجھاتے ہوئے قرآن کریم نے کہا۔

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ○ اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًی ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ○ (2/261-262)

(مفہوم)　نظام خداوندی کے قیام کے لئے اپنی محنت کی کمائی کو کھلا رکھنا' درحقیقت بیج ڈال کر کھیتی اگانا ہے۔ ظاہر بین نگاہیں دیکھتی ہیں کہ بیج کا دانہ مٹی میں مل کر ضائع ہو گیا۔ لیکن کسان کی دُور رس نگاہوں کو نظر آتا ہے کہ اس ایک دانہ میں کس قدر بالیں پیدا ہوں گی اور ہر بال میں کس طرح سینکڑوں دانے پیدا ہوں گے۔ اس طرح اللہ کا قانونِ مشیت ہر اس قوم کے لئے جو اس پر عمل پیرا ہو' ایک ایک کے سو سو کر کے دیتا ہے۔ اس لئے کہ خدا کا قانون بڑی فراخیاں اپنے اندر رکھتا ہے اور یکسر علم و حقیقت پر مبنی ہے۔ جو لوگ نظام خداوندی کے قیام کے لئے اپنی کمائی کو کھلا رکھتے ہیں اور اس کے بعد انہیں اس کا خیال تک بھی نہیں آتا کہ اس سے انہوں نے کسی پر احسان کیا ہے اور نہ ہی وہ اس سے دوسروں کے لئے خواہ مخواہ کی مصیبت بن جاتے ہیں۔ تو یہ وہ لوگ ہیں جن کی محنتوں کا معاوضہ اور قربانیوں کا صلہ اس نظام کے قیام کی شکل میں ملتا ہے جس میں انہیں نہ کسی خارجی خطرہ کا خوف رہتا ہے اور نہ داخلی کشمکش یا احتیاج کے خیال سے غمگین اور افسردگی"

قرآن کریم میں انفاق درحقیقت بخل کے مقابلہ میں استعمال ہوا ہے۔ بخل سے مراد ہے کہ اپنی ذات تک محدود رکھنا۔ روک لینا۔ جمع کرنا۔

سورۃ النسا میں ہے

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ○ (4/37)

"بخیل لوگوں کی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ سب کچھ اپنے لئے سمیٹ کر رکھتے ہیں اور کسی کو کچھ نہیں دینا چاہتے۔ پھر ایسے قوانین و ضوابط بناتے ہیں جس سے معاشرہ کی عام روش یہی ہو جائے اور بخل کو معیوب ہی نہ سمجھا جائے اور یوں ہر شخص ان چیزوں کو اپنے لئے چھپا چھپا کر رکھتا چلا جائے جو اس خدا کے فضل و کرم سے عطا ہوئی ہیں۔ یاد رکھو! جو لوگ خدا کی نعمتوں کی ناسپاس گزاری کرتے ہیں--- اور ناسپاس گزاری یہ ہے کہ انہیں چھپا چھپا کر رکھا جائے اور نوع انسان کی پرورش کے لئے صرف نہ کیا جائے۔ ان کی اس روش کا نتیجہ درد انگیز تباہی ہے۔

○○○

قرآن نے واضح الفاظ میں بتا دیا ہے کہ جو قوم نظام انفاق کی بجائے بخل کو اختیار کرے گی تو خدا اس کی جگہ دوسری قوم کو لے آئے گا جو ان جیسی نہیں ہو گی۔

هٰاَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْا اَمْثَالَكُمْ ○ (47/38)

"تم میں ایسے لوگ بھی ہیں کہ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اپنے مال و دولت کو نوع انسانی کی پرورش کے لئے کھلا رکھو تو وہ بخل کرتے ہیں۔ انہیں معلوم ہونا چاہیے

> کہ جو شخص اس معاملہ میں بخل سے کام لیتا ہے تو وہ بخل خود اس کی اپنی ذات کے خلاف ہوتا ہے۔ اللہ تمہارا محتاج نہیں (کہ تم اسے نہ دو گے تو اس کی ضرورت رکی رہ جائے گی) تم اس نظام کے محتاج ہو۔ بہرحال اسے اچھی طرح سمجھ لو کہ اگر تم نے اس نظام سے رُوگردانی کی تو وہ تمہاری جگہ کوئی دوسری قوم لے آئے گا جو تمہارے جیسی نہیں ہو گی"

قرآنی تعلیم کا منشاء یہ ہے کہ لوگ انفاق کو اپنی زندگی کا نصب العین بنائیں۔ تاکہ کسی ضرورت مند کی کوئی ضرورت روپے پیسے کی کمی کی وجہ سے رُکی نہ رہ جائے۔

اَوْ اِطْعٰمٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ ○ یَّتِیْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ○ اَوْ مِسْكِیْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ○ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَ تَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ○ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْمَیْمَنَةِ ○ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ○ عَلَیْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ○ (14-20/90)

(مفہوم) (نظام انفاق قائم کرو تاکہ) جس دور میں مستبد قوتیں رزق کے سرچشموں کو اپنی ملکیت میں لے کر عوام کے لئے بھوک اور درماندگی کو عام کر دیں' وہ نظام لوگوں کے رزق کی فکر کرے جو معاشرہ میں ہزارہا انسانوں کے قریب رہتے ہوئے بھی' اپنے آپ کو تنہا اور بے یارو مددگار پائیں یا ان لوگوں کے رزق کی' جنہیں اس حالت تک پہنچا دیا گیا ہو کہ وہ محض روٹی کی خاطر مٹی میں رلتے رہیں۔ (یعنی سرمایہ داروں کے محتاج رہ کر ان کے لئے محنت و مشقت کے کام کرتے رہیں) یہ راستہ بڑا دشوار گذار اور یہ منزل بڑی کٹھن ہے۔ لیکن اس پر چل کر انسان ان لوگوں میں شامل ہو جاتا ہے جو خدا کے نظام ربوبیت پر یقین رکھتے ہیں اور ایک دوسرے کو تاکید کرتے رہتے ہیں کہ وہ اس باب میں ثابت قدم رہیں اور خدا کے عطا کردہ سامان نشو و نما میں دوسروں کو بھی شریک کریں۔ یہ ان لوگوں کا گروہ ہے جو صاحب یمن و سعادت ہیں۔ انہیں ہر قسم کی برکات حاصل ہوں گی۔ اس کے برعکس جو لوگ ہمارے قوانین سے انکار کر کے تن آسانی کا راستہ اختیار کرتے ہیں ان کے حصے میں ناکامیاں اور محرومیاں آتی ہیں۔ یہ اس جہنمی معاشرہ میں رہتے ہیں جس سے نکلنے کی کوئی راہ نہیں ہوتی۔

" نظام انفاق " ایسا نظام نہیں کہ [illegible] یہ دل کی کامل رضا مندی سے قائم ہونے والا نظام ہے۔ یہ ہو کا [illegible] واجبات کو جنہیں یہ از خود اپنے اوپر عائد کریں گے' نہایت عمدگی سے [illegible]

سورۃ الدھر میں ہے۔

یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَ یَخَافُوْنَ یَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا ○ وَ یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِیْنًا وَّ یَتِیْمًا وَّ اَسِیْرًا ○ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ

اللّٰہِ لَا نُرِیْدُ مِنْکُمْ جَزَآءً وَّلَا شُکُوْرًا ○ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا یَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِیْرًا ○ فَوَقٰھُمُ اللّٰہُ شَرَّ ذٰلِکَ الْیَوْمِ وَ لَقّٰھُمْ نَضْرَۃً وَّ سُرُوْرًا ○ (76/7-11)

(مفہوم) یہ لوگ انفاق کی ذمّہ داری برضا و رغبت اپنے سر پر لیتے ہیں اور پھر اسے نہایت خندہ پیشانی سے پورا کرتے ہیں۔ انہیں ہر وقت اس کا احساس رہتا ہے کہ اگر ایسا نہ کیا گیا تو معاشرہ ایسی شکل اختیار کر لے گا جس میں چاروں طرف شر ہی شر پھیل جائے گا۔ (ہر طرف فساد ہی فساد رُونما ہو جائے گا۔ ساری فضا اس سے متأثر ہو جائے گی۔ اس کی چنگاریاں اُڑ کر دُور دُور تک پہنچ جائیں گی) وہ اس عالمگیر فساد کو روکنے کے لئے "نظامِ انفاق" کا قیام عمل میں لاتے ہیں۔ یعنی ایسا انتظام کرتے ہیں کہ جو لوگ کام کاج کے قابل نہ رہیں یا جو معاشرہ میں تنہا (بے یار و مددگار) رہ جائیں یا جو کسی اور مصیبت میں مبتلا ہو جائیں۔ انہیں سامانِ رزق بہم پہنچتا رہے' حالانکہ انفرادی مفاد پرستی کا تقاضا یہ ہے کہ انسان سب کچھ سمیٹ کر اپنے ہی لئے رکھ لے۔ وہ ان جذبات کے علی الرغم دوسروں کی پرورش کی فکر کرتے ہیں۔ وہ جن کے لئے یہ کچھ کرتے ہیں ان سے کہہ دیتے ہیں کہ تم یہ نہ سمجھو کہ ایسا کرنے سے ہم تمہارے سر پر "احسان" دھرتے ہیں ۔ قطعاً نہیں۔ ہم اس کے بدلے میں تم سے کچھ نہیں چاہتے۔ حتیٰ کہ ہم شکریہ تک کے بھی متمنی نہیں۔ ہم اسے اپنا فریضہ سمجھتے ہیں۔ بلکہ یوں سمجھو کہ اس میں خود ہمارا اپنا فائدہ ہے اس سے ہماری ذات کی نشو و نما ہوتی ہے اور یہی انسانی زندگی کا مقصود ہے۔

(اور جیسا کہ اوپر کہا گیا ہے) ہم یہ انتظام اس لئے کرتے ہیں کہ ہم جانتے ہیں کہ اگر ایسا نہ کیا گیا تو ایسی فضا پیدا ہو جائے گی جس میں زندگی کی شادابیاں جھلس کر رہ جائیں گی اور شجرِ حیات افسردہ وپژمردہ ہو جائے گا۔ اور ہر طرف ایسی مصیبتیں اور پریشانیاں پھیل جائیں گی جن سے لوگوں کے ماتھے پر شکنیں پڑ جائیں۔ اطمینان و مسرت کا نام و نشان تک باقی نہ رہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خدا کا قانونِ ربوبیت انہیں اس قسم کے دَور کی ہلاکت سامانیوں سے بچا لیتا ہے اور مسرتیں اور بشاشتیں انہیں گلے لگا لیتی ہیں۔

قرآن کی رُو سے وہ لوگ مومن ہی نہیں بلکہ پکے مومن ہیں جو نظامِ انفاق کا قیام عمل میں لاتے ہیں۔

اَلَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ○ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَھُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ وَ مَغْفِرَۃٌ وَّ رِزْقٌ کَرِیْمٌ ○ (8/3-4)

جو لوگ قوانین خداوندی پر مبنی نظام قائم کرتے ہیں اور ہمارے دیئے ہوئے رزق کو نوع انسان کی پرورش و نشو و نما کے لئے کھلا رکھتے ہیں تو یہی لوگ حقیقی مومن ہیں۔ ان کے ربّ کے ہاں ان کے مدارج بہت بلند ہیں۔ اس نظام میں انہیں ہر طرح کا تحفظ حاصل ہو گا اور عزت کی روٹی ملے گی۔

ہدایات برائے انفاق

انفاق کرتے وقت درج ذیل ہدایات کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے۔

1- انفاق (اپنی محنتوں کے ماحصل کو ربوبیت عامہ کے لئے کھلا چھوڑ دینے) کے وقت ذاتی مفاد پرستی کے جذبات سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○ (2/268)

(مفہوم) اس مقام پر یہ بھی سمجھ لو کہ تمہارے انفرادی مفاد کے خیالات تمہیں یہ کہہ کر ڈرائیں گے کہ اگر تم نے اپنے مال و دولت کو نوع انسانی کی ربوبیت کے لئے کھلا رکھا تو تم مفلس اور نادار ہو جاؤ گے۔ اس لئے تم اپنا پیسہ اپنے پاس رکھو۔ لیکن یاد رکھو! خدا کا نظام ربوبیت تمہیں ہر قسم کی احتیاج سے محفوظ رکھنے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرانے کی ضمانت دیتا ہے اور یہ ضمانت اس بنا پر دیتا ہے کہ یہ نظام اس خدا کا ہے جو بڑی وسعتوں کا مالک ہے اور اس کی ہر بات علم و حقیقت پر مبنی ہوتی ہے۔

2- ریاکاری (دوسروں کی نگاہ میں بڑا بننے) کی خاطر دولت خرچ کرنے کا نتیجہ کچھ نہیں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِىْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَىْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○ (2/264)

اے دعوتِ پیروانِ ایمانی! اگر تم نظامِ خداوندی کے قیام کے لئے کچھ دے کر احسان جتاتے پھرو اور دوسروں کے لئے مصیبت بن جاؤ تو اس سے تمہارا انفاق تعمیری نتائج کی بجائے تخریبی نتائج پیدا کرنے کا موجب بن جائے گا۔ دیکھنا! تم ایسا نہ کرنا۔ یہ کچھ تو وہی شخص کر سکتا ہے جسے قوانینِ خداوندی کی صداقت اور مستقبل کی زندگی پر یقین نہ ہو۔ لیکن اس خیال سے کہ میں نے انہی لوگوں میں رہنا ہے' اس لئے ان سے بنا کر رکھنا ضروری ہے' اس مد میں کچھ دیدے۔ اس انفاق کی مثال یوں سمجھو' جیسے کسی سخت چٹان پر یونہی ذرا سی مٹی جم جائے (اور یوں دکھائی دے کہ وہ بڑی عمدہ زمین ہے جس میں اچھی کھیتی اُگے گی لیکن) جب اس پر بارش کا ایک تیز سا چھینٹا پڑے تو سب مٹی بہہ جائے اور نیچے چٹان باقی رہ جائے۔ اس طرح (ایک

دانہ سے سینکڑوں دانے ملنا تو ایک طرف) فصل کاشت کرنے میں جس قدر محنت صرف ہوئی تھی وہ بھی اکارت چلی جائے۔ یاد رکھو! جو لوگ قوانین خداوندی کی صداقت پر ایمان نہ رکھیں (اور محض لوگوں کے دکھاوے کے لئے نیک کام کریں) تو ان پر فلاح و سعادت کی راہیں کشادہ نہیں ہوتیں۔

3- انفاق کرتے وقت کسی اور جذبہ کی آمیزش تو ایک طرف، ذرا سی آلائش بھی نہ ہو کیونکہ اس سے انفاق کا عمل رائیگاں چلا جاتا ہے۔

5- وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَاۤءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ○ (4/38)

بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو مال و دولت کو خرچ تو کرتے ہیں لیکن اس لئے نہیں کہ وہ خدا کے عالمگیر نظام ربوبیت کی صداقت، قانونِ مکافاتِ عمل اور موت کے بعد زندگی کے مسلسل آگے بڑھنے پر ایمان رکھتے ہیں۔ وہ محض لوگوں میں اپنی نمود و نمائش کے لئے ایسا کرتے ہیں۔ اس کا جذبہ محرکہ اپنی **ایغو** کی تسکین ہوتا ہے۔ اور بس۔ سو ظاہر ہے کہ جس عمل کی بنیاد اس قسم کے پست جذبات پر ہو اس کا نتیجہ کس طرح خوشگوار ہو سکتا ہے۔

6- وَمَا ذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ○ (4/39)

یہ محض نگاہ کا پھیر اور پست ذہنیت کا مظاہر ہے ورنہ اگر یہ لوگ خدا کی متعین کردہ مستقل اقدار کی صداقت اور قانونِ مکافات پر یقین رکھتے اور دولت کو انہی مقاصد کے لئے صرف کرتے، نہ کہ اپنی نمود و نمائش کی خاطر، تو ان پر کونسی قیامت ٹوٹ پڑتی؟ لیکن خدا کو خوب علم ہے کہ انسان کس جذبہ کے ماتحت کوئی کام کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ○ (4/40)

اور چونکہ ہر عمل اس مقصد کے مطابق نتیجہ پیدا کرتا ہے، جس کے لئے وہ کیا جائے، اس لئے جو لوگ اپنی نمود و نمائش کے لئے دولت خرچ کرتے ہیں، اگر میزانِ خداوندی میں ان کے اس عمل کا کوئی وزن نہیں ہوتا تو یہ ان پر ظلم و زیادتی نہیں ہوتی۔ اللہ کسی پر ذرہ برابر ظلم اور زیادتی نہیں کرتا۔ انہوں نے لوگوں کو دکھانے اور ان میں بڑا بننے کے لئے یہ کچھ کیا۔ ان کا مقصد حاصل ہو گیا۔ اگر ان کا مقصد قانونِ خداوندی کی اطاعت ہوتا تو یہ ایسا حسنِ عمل تھا جس کا بدلہ ان کے صرفِ کردہ مال سے کئی گنا زیادہ ملتا، اس سے معاشرہ میں خوشگوار نتائج پیدا ہوتے اور ان کی اپنی ذات کی نشو و نما ہوتی۔ یہ ہے وہ اجرِ عظیم جو قانونِ خداوندی کی رُو سے ملتا ہے۔

4- انفاق کا جذبہ محرکہ "لِوَجْهِ اللّٰه" ہو کچھ اور نہ ہو۔

وَ مَا تُنْفِقُوْنَ مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۚ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ○ (2/272)

جو کچھ بھی تم خرچ کرو گے اس کا فائدہ خود تمہاری اپنی ذات کو ہو گا، بشرطیکہ یہ کچھ اللہ کی رضا مندی کے لئے ہو، اس کا جذبہ محرکہ کچھ اور نہ ہو۔ یوں جو کچھ تم خرچ کرو گے' وہ تمہیں پورا پورا واپس مل جائے گا۔ اس میں ذرہ برابر کمی نہیں ہو گی۔

5- انفاق کے لئے افراط و تفریط سے بچ کر اعتدال کی راہ اختیار کی جائے۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَ كَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ○ (25/64)

یہ لوگ اپنی متاع کو اس نظم و ضبط کے ساتھ صرف کرتے ہیں کہ نہ کہیں ضرورت سے زیادہ خرچ ہو جائے اور نہ ہی ضرورت رُکی رہے۔ وہ افراط و تفریط سے بچ کر اعتدال کی راہ اختیار کرتے ہیں۔

6- ربوبیتِ عامہ کے لئے انفاق کی صورت یہ ہونی چاہیے کہ۔

لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّ لَا شُكُوْرًا ○ (76/9)

نہ ستائش کی تمنا نہ صلہ کی امید۔

نوع انسانی کی ربوبیت کے لئے اپنے مال و دولت کو کھلا رکھنے کا صلہ یہ ہے کہ

تَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ (2/265)

اس سے انسان کی ذات میں پختگی پیدا ہو جاتی ہے۔

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ○ (84/9)

جس سے یہ پھر اُخروی زندگی کی مزید ارتقائی منازل طے کرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔

علامہ اقبال ؒ نے اس حقیقت کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

زندگانی ہے صدف، قطرۂ نیساں ہے خودی
وہ صدف کیا کہ جو قطرے کو گہر نہ کر سکے
ہو اگر خود نگر و خودگر و خودگیر خودی
یہ بھی ممکن ہے کہ تو موت سے بھی نہ مر سکے

ان تصریحات سے واضح ہے کہ وہ سعادت مند افراد جن کا قرآنی تصور حیات پر ایمان ہو گا۔ ان کی ہر ممکن کوشش ہو گی کہ وہ اپنے مال و دولت کو نوع انسانی کی ربوبیت کے لئے کھلا رکھیں تاکہ ان کی ذات کی نشو و نما ہو جائے اور اس طرح وہ حیاتِ جاوداں حاصل کر لیں۔

○○○

نظامِ انفاق کا قیام

ارشادِ خداوندی ہے۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ (24/56)

نظامِ صلوٰۃ قائم کرو اور اپنے معاشرہ کو ان خطوط پر متشکل کرو۔ جن سے نوع انسان کو زیادہ سے زیادہ سامان نشو و نما ملتا جائے۔ (یہ چیز انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی ہے۔ یہ سب کچھ ایک نظم و ضبط کے تابع ہو گا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ تم اپنے اجتماعی نظام کے مرکز) رسولؐ کی اطاعت کرو۔ اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ تم پر نوازشاتِ خداوندی کی بارش ہو گی۔

موجودہ حالات میں نظامِ انفاق کے قیام کی عملی شکل درج ذیل ہو گی۔

1۔ قرضِ حسنہ کا فروغ :

2۔ صدقات کا فروغ :

3۔ العفو کا فروغ :

○○○

1۔ قرض حسنہ کا فروغ

قرض اس مال کو کہتے ہیں جو دوسروں کو ان کی ضروریات پوری کرنے کے سلسلہ میں واپسی کی شرط پر دیا جائے۔

نظامِ سرمایہ داری کے پیدا کردہ بدترین اثرات سے بچنے کے لئے افرادِ معاشرہ کو ایک دوسرے سے قرض لینے کی ضرورت پڑے گی۔ اسی لئے قرآن کریم نے حکم دیا ہے کہ :

وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۤءَ السَّبِيْلِ ○ (5/12)

اپنی دولت کو بطور "قرضِ حسنہ" اللہ (یعنی نظامِ خداوندی) کی تحویل میں دے دو جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ تمہارے معاشرہ کی ناہمواریاں دُور ہو جائیں گی اور تم اپنے لئے ایسا سدا بہار جنتی معاشرہ متشکل کر لو گے جس میں تمہیں خوشحالی، آسودگی اور خوشگواری کی ایسی جنتی زندگی نصیب ہو جائے گی جس کی شادابی اور تازگی کبھی نہیں مرجھائے گی۔ لیکن جو شخص اس روش سے انکار اور سرکشی اختیار کر کے اپنی خود ساختہ روش پر چل نکلے گا تو زندگی کی ہموار راہیں اس کی نظروں سے اوجھل ہو جائیں گی اور وہ اپنی منزل مقصود سے بہت دُور جا پڑے گا۔

○○○

2- صدقات کا فروغ

صدقہ اس مال و دولت کو کہتے ہیں جو بغیر کسی واپسی کی اُمید کے ضرورت مند افراد کے لئے کھلا رکھا جائے۔

سورۃ البقر میں ہے۔

اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ○ (2/271)

ضرورتمند افراد معاشرہ کی مدد کے لئے جو کچھ تم دیتے ہو اسے کھلے بندوں (نظام کے حوالے کر) دو تو بھی اچھا ہے اور اگر اہلِ حاجت تک چپکے سے پہنچا دو تو بھی ٹھیک ہے۔ یہ چیزیں ہر صورت میں تمہاری ناہمواریوں اور کمزوریوں کو دُور کر دیں گی۔۔۔۔۔ اور ایسا ضرور ہو کر رہے گا کیونکہ خدا کا قانونِ مکافات تمہارے ہر عمل سے باخبر ہے۔ صدقات کے فروغ کی دو صورتیں ہوں گی۔

1- انفرادی سطح پر صدقات کا فروغ :
2- اجتماعی سطح پر صدقات کا فروغ :

1- انفرادی سطح پر صدقات کا فروغ

ارشاد خداوندی ہے۔

يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۗ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۗ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ○ (2/215)

" اے رسولؐ ! تمہارے ساتھی تم سے پوچھتے ہیں کہ مال و دولت کو کہاں صرف کرنا ہو گا۔ ان سے کہو کہ اس پروگرام کی ابتداء سب سے پہلے اپنے گھروں میں اپنے والدین سے کرو۔ پھر اپنے گھر کی چار دیواری کو وسیع کر کے اپنے گردو پیش میں بسنے والے اقرباء پر خرچ کرو' پھر اور آگے بڑھو تو ان پر خرچ کرو' جو معاشرہ میں بے یار مددگار رہ گئے ہیں' نیز ان پر جن کا چلتا ہوا کاروبار رک گیا ہو' پھر اس سلسلہ کو اپنی بستی سے آگے بڑھاؤ اور باہر سے آنے والے ان پر افراد پر خرچ کرو جنہیں مدد کی ضرورت لاحق ہو جائے' تم ان لوگوں کی ضروریات کو پورا کرو اور اس پر یقین رکھو کہ جو کچھ بھی تم دوسروں کی بھلائی کے لئے کرو گے۔ وہ سب اللہ کے علم میں رہے گا' اس میں سے ذرّہ برابر بھی بے نتیجہ نہیں رہنے پائے گا۔ "

دوسرے مقام پر ضرورتمندوں کی پہچان کا ذکر کرتے ہوئے قرآن کریم نے فرمایا۔

يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۗ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ○ (2/273)

" مال و دولت ان حقیقی ضرورتمندوں کے لئے ہے جن کی سیرت کی پختگی کی وجہ سے استغناء کا یہ عالم

ہو کہ نا واقف یہی سمجھے کہ ان کے پاس بہت کچھ ہے۔ انہیں کسی چیز کی کمی نہیں۔ البتہ جاننے والے انہیں ان کے چہروں پر نمودار ہو جانے والے اثرات سے پہچان لیں۔ یہ لوگ لپٹ لپٹ کر مانگنے والے نہیں ہوتے۔ ان لوگوں کی ضروریات پورا کرنے کے لئے تم جو کچھ دو گے' اللہ کو اس کا پورا پورا علم ہو گا۔"

صدقات کو فروغ دیتے وقت بہت زیادہ احتیاط برتنے کی ضرورت ہے' نہیں تو صدقات کے ضائع ہو جانے کے خطرہ ہے۔

فرمان ربی ہے۔

يَاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِىْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَايُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ○ (2/264)

اے ایمان والو! اپنے صدقات کو ضائع نہ کر دینا' احسان جتا کر اور اذیت دے کر ان کی طرح جو محض لوگوں کو دکھانے کے لئے انفاق کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کا نہ تو اللہ پر ایمان ہوتا ہے اور نہ اس کے قانونِ مکافات اور یوم آخرت پر۔

رکن دارالانفاق انفرادی سطح پر صدقات کے فروغ کے لئے جن حقداروں پر اپنے مال و دولت کو صرف کر سکتا ہے ان کا تعارف درج ذیل ہے۔

1- **ذوالقربیٰ:** وہ لوگ جو قریبی (رشتہ دار یا ہمسائے) ہوں۔ (2/177)

2- **المحروم:** وہ لوگ جو کسی وجہ سے خود کمانے کے قابل نہ ہوں (51/19)

3- **الیتٰمیٰ:** وہ بچے جن کے ماں باپ مرجائیں یا وہ لوگ جو بھرے معاشرہ میں رہتے ہوئے بھی خود کو تنہا محسوس کریں۔

4- **المسٰکین:** وہ لوگ جن کا چلتا ہوا کاروبار کسی وجہ سے رک جائے یا جن میں کام کاج کرنے کی سکت نہ رہے اور یوں وہ محتاج ہو جائیں (89/18)

5- **السائلین:** وہ لوگ جو کام تو کریں لیکن ان کی کمائی ان کی ضروریات پوری کرنے سے قاصر رہے۔ (51/19)

6- **ابن السّبیل:** وہ مسافر جو کسی طرح زاد سفر سے محروم رہ جائیں (2/177)

7- **فی الرّقاب:** وہ لوگ جو دوسروں کی غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہوں انہیں آزاد کرانے کے لئے۔ (2/177)

2- اجتماعی سطح پر صدقات کا فروغ

سورۃ التوبہ میں ہے

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ: صدقات پر ان لوگوں کا حق ہے۔
لِلْفُقَرَآءِ: جو کسی وجہ سے خود کمانے کے قابل نہ ہوں
وَالْمَسٰكِيْنِ : وہ قوم جس پر مسکنت کا عذاب طاری ہو جائے یعنی جس میں قوت عمل نہ رہے۔ جس پر جمود و تعطل طاری ہو جائے۔
وَالْعٰمِلِيْنَ وہ لوگ جن کے سپرد "نظام انفاق" کا ادارہ ہو گا۔
عَلَيْهَا: ان کی کفالت کے لئے
وَالْمُؤَلَّفَةِ جن کی تالیف قلوب مقصود ہو۔
قُلُوْبُهُمْ : (یعنی) (۱) جو لوگ ویسے تو نظام خداوندی کی طرف آنے کے لئے تیار ہوں لیکن بعض معاشی موانع ان کے راستے میں اس طرح حائل ہوں کہ وہ انہیں اس طرف آنے نہ دیں۔ ان موانع کو دور کرنے میں ان کی امداد کی جائے (۲) جن لوگوں نے دین کی خاطر کسی قسم کا نقصان اٹھایا ہو ان کے اس نقصان کی تلافی کر کے ان کی دلجوئی کا سامان کر دیا جائے۔)
وَفِي الرِّقَابِ : وہ قومیں جن کی آزادی سلب کر لی گئی ہو اور وہ اپنی آزادی حاصل کرنے کے لئے جدو جہد کر رہی ہوں۔
وَالْغَارِمِيْنَ : ایسے لوگ جو دشمن کے تاوان یا قرض کے بوجھ کے نیچے اس طرح دب گئے ہوں کہ اس کا ادا کرنا ان کے بس میں نہ ہو۔
وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ : وہ کام جو نظام خداوندی کے لئے مفید اور نوع انسانی کی فلاح و بہبود کے لئے ممد و معاون ہوں انہیں سرانجام دینے کے لئے۔
وَابْنِ السَّبِيْلِ : نیز باہر سے آنے والے (مہاجر۔ سیاح اور سائنسدان وغیرہ) جنہیں مالی امداد کی ضرورت لاحق ہو جائے۔
فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ: یہ اللہ کے ٹھہرائے ہوئے ضوابط ہیں اور اللہ کے
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ :ٹھہرائے ہوئے ضوابط علم و حکمت پر مبنی ہوتے ہیں (9/60)

○○○

3۔ العفو کا فروغ

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مرد مسلماں
اللہ کرے تجھ کو عطا جدّتِ کردار
جو حرفِ قُلِ العفو میں پوشیدہ ہے اب تک
اس دور میں شاید وہ حقیقت ہو نمودار
اقبال

دارالقرضہ اور دارالصدقات ایسی تربیت گاہیں ہیں جن میں شامل ہر فرد ان تمام نفسیاتی تبدیلیوں سے گزرتا ہے جو قرآنِ کریم کے بیان کردہ اس اصول کو عملاً" اپنانے کے لئے ضروری ہیں جس کا تقاضا ہے کہ زائد از ضروریات مال و دولت نوعِ انسانی کی ربوبیت کے لئے کھلا رکھا جائے۔

فرمانِ ربّی ہے۔

یَسْئَلُوْنَکَ مَا ذَا یُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ ○ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ (2/219-220)

" اے رسولؐ! یہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ مال و دولت میں سے کس حد تک ربوبیتِ عامہ کے لئے کھلا رکھنا ہو گا۔ ان سے کہہ دیجئے کہ جس قدر تمہاری ضرورت سے زائد ہو۔ اس طرح اللہ اپنے احکام و قوانین کو تمہارے لئے واضح طور پر بیان کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو اور سوچو کہ تمہاری دنیا اور آخرت دونوں کس طرح خوشگوار ہو سکتے ہیں "

اس آیت خداوندی سے یہ عظیم حقیقت واضح ہے کہ نظام خداوندی کسی کے زائد از ضرورت مال و دولت کو زبردستی نہیں چھینتا بلکہ یہ نظامِ انفاق کو فریضہ خداوندی سمجھ کر قبول کرنے والے' اپنے زائد از ضرورت مال و دولت کو دل کی پوری رضا مندی کے ساتھ نظام کی تحویل میں دیتے ہیں۔

یہاں پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ فرد اتنی عظیم تبدیلی کے لئے از خود کس طرح آمادہ ہو جائے گا کہ وہ اپنے زائد از ضرورت مال و دولت کو نوعِ انسانی کی ربوبیت کے لئے کھلا چھوڑ دے۔

اس سوال کا جواب قرآن کریم کے پیش کردہ اُس فلسفۂ زندگی میں ہے جس کے مطابق مقصدِ حیات یہ ہے کہ انسانی ذات کی نشو و نما ہو جائے۔ اور انسانی ذات کی نشو و نما کی صورت یہ ہے کہ **اَلَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَہٗ یَتَزَکّٰی۔** (92/18) وہ شخص جو ہر اس چیز (ما۔ لہٗ) کو جو اس کے پاس ہے (اور اس کی ضرورت سے زائد (2/219) نوعِ انسانی کی ربوبیت کے لئے دے دیتا ہے۔ حتیٰ کہ کبھی ایسا موقع آ جائے کہ جن لوگوں کی ضرورت زیادہ ہو' انہیں اپنے آپ پر ترجیح دے (59/9) تو اس کی ذات کی نشو و نما ہو جاتی ہے۔ **قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی** ○ (87/14) اور جس کی ذات کی نشو و نما ہو جاتی ہے وہ کامیاب ہو جاتا ہے۔

ظاہر ہے کہ جس کا اس فلسفۂ حیات پر ایمان ہو گا' اس کی بھرپور کوشش ہو گی کہ وہ زیادہ سے زیادہ محنت کرے اور زیادہ سے زیادہ نوعِ انسانی کی ربوبیت کے لئے انفاق کرے تاکہ اس کی ذات کی نشو و نما ہو جائے اور اس طرح وہ اخروی زندگی کی ارتقائی منازل طے کرنے کے قابل ہو جائے (84/19)

طلوع اسلام:۔ اپنے تجویز کردہ نظامِ انفاق کے عملی نفاذ کے لئے صاحب مضمون نے اپنے شہر میں دارالقرضہ' دارالصدقات اور دارالعفو کے شعبہ جات قائم کر کے ان کے لئے قواعد و ضوابط بھی وضع کئے ہیں جن کا تفصیلی ذکر "نظامِ انفاق" نامی کتابچے میں کیا گیا ہے۔ یہ کتابچہ کتاب دوست ایسوسی ایٹس الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور اور ادارہ طلوع اسلام 25 - بی گلبرگ (2) لاہور سے مبلغ 20 روپے میں دستیاب ہے۔

● ● ● ●

اسلامی جمہوریت

وامرھم شوری بینھم (42/38)

ان کا نظام حکومت باہمی مشورہ سے طے پاتا ہے

اسی کا نام اسلامی جمہوریت ہے۔ اس جمہوریت میں :۔

i۔ نہ تو مغربی ڈیماکریسی کے مطلق اختیارات ہیں۔ جس میں کوئی اصول' غیر متغیر اور کوئی قدر مستقل نہیں اس میں برسراقتدار پارٹی کی اکثریت جو قوانین چاہے بنائے۔ جب جی چاہے ان میں ردو بدل کر دے اور جس وقت چاہے انہیں منسوخ کر دے۔

ii۔ نہ ہی اس میں ملوکیت یا ڈکٹیٹرشپ ہے کہ ایک فرد قوت کے زور پر ہر ایک سے اپنا حکم منواتا چلا جائے۔

iii۔ نہ ہی اس میں تھیاکریسی ہے کہ کسی فرد یا جماعت کو خدائی اختیارات کا حامل سمجھا جائے۔ اس میں مذہبی پیشواؤں کا وجود ہی نہیں ہوتا۔

iv۔ نہ ہی اس میں یہودی شریعت کی سی جکڑ بندی ہے کہ زندگی کے چھوٹے سے چھوٹے معاملہ کے لئے بھی غیر متبدل ابدی قانون موجود ہو اور اس "لوہے کے جوتے" سے پاؤں باہر نکالا ہی نہ جا سکے۔

● ● ● ●

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ملک حنیف وجدانی

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 50 سال

(قسط سوئم)

5- سیاست اور مذہب کی سرگذشت (جاری)

سید جمال الدین افغانی، مفتی محمد عبدہ، علامہ رشید رضا، علامہ اقبالؒ،علامہ عنایت اللہ خان المشرقی اور قائد اعظم محمد علی جناحؒ نے دنیائے اسلام میں وحدت اور بیداری کی لہر بیدار کی، جو مغرب کی استحصالی غلامی سے نکلنے کی ضرورت بن کر مسلم سربراہوں کے رابطے کے لئے زمین ہموار کرتی رہی، جس کے نتیجہ میں مراکش (رباط) میں پہلی مسلم سربراہی کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس میں جنرل محمد یحییٰ خان نے پاکستان کی نمائندگی کی۔

رباط کانفرنس پر " اذانِ سحر" کے عنوان سے میں نے اپنے تاثرات نظم کئے تھے آپ بھی سنیں پوری دنیائے اسلام میں اس پر خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

مسلماں کی خودی کا امتحاں ہے ۔۔۔ نہ جانے انتہا اس کی کہاں ہے
ہمارا کارواں سویا ہوا تھا ۔۔۔ یہ اذانِ سحر روحِ رواں ہے
سنبھلتا دیکھتا کروٹ بدلتا ۔۔۔ غریقِ فکر ہر پیر و جواں ہے
محبت آشنا سارے ہوئے ہیں ۔۔۔ مراکش اپنی وحدت کا نشاں ہے
ملا پیغام **حتی مطلع الفجر** ۔۔۔ سوئے کعبہ رواں یہ کارواں ہے
نہیں قرآن و مرکز میں جدائی ۔۔۔ یہی تو بازگشتِ داستاں ہے
امامِ وقت سے دنیا ہے خالی ۔۔۔ یہ ہر ذی شان کا احساس زباں ہے
مسلماں کی خودی کہسار آسا ۔۔۔ تلاشِ رُوحِ فاروقیؓ یہاں ہے

" ز اوصافِ نبیؐ یک ذرہ داری
چرا ناید ترا آں شہ سواری "

(وجدانی)

رباط کانفرنس میں پاکستان کے نمائندے جنرل محمد یحییٰ خان نے دوسری مسلم سربراہی کانفرنس پاکستان میں منعقد کرنے کی دعوت دی جسے قبول کر لیا گیا۔ 1974ء میں دوسری مسلم سربراہی کانفرنس لاہور میں منعقد ہوئی۔ شاہ فیصل سعودی عرب کی تجویز پر وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کو اس اجلاس کا چیرمین مقرر کیا

گیا، جنھوں نے اس کانفرنس میں ایک تاریخی خطاب پیش کر کے اپنوں اور بیگانوں سے داد وصول کی۔ پاکستان میں اس کانفرنس کے اثرات بڑے مثبت رہے۔ مسلم سربراہوں نے نماز جمعہ بادشاہی مسجد لاہور میں ایک ساتھ ادا کی اور بادشاہی مسجد لاہور کی اذان ریڈیو پاکستان سے نشر کی گئی۔ آخر میں "اعلان لاہور" کے نام سے باہمی تعاون کا مشترکہ اعلامیہ جاری ہوا۔

وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ایئرپورٹ پر شاہ فیصل کو الوداع کہتے ہوئے یہ تاریخی الفاظ کہے۔

" His Excellency Congratulation To you

Yor Are Chairman of USI !

(United States of Islam.) Daily Jung

جناب طارق وحید بٹ صاحب روزنامہ جنگ میں لکھتے ہیں۔

" ایک بڑی طاقت کو یہ الفاظ ناگوار گزرے اور اس بڑی طاقت نے ان دونوں بھائیوں کو بے دردی سے قتل کروا دیا "

مسلم سربراہی کانفرنس کا انعقاد اور قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے کا تاریخی فیصلہ پیپلز پارٹی کا مورال بلند کر گیا۔ 1977ء میں عام انتخابات کے انعقاد کا اعلان کر دیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے خلاف " قومی اتحاد کھل کر سامنے آ گیا۔ انتخابی کشمکش اپنے عروج پر پہنچ گئی اور ملک میں " نظام مصطفےٰ کا نفاذ" امر مسلمہ نظر آنے لگا۔ مگر قومی اتحاد کی قیادت اگرچہ ایک کہنہ مشق سیاسی اور مذہبی شخصیت مولانا مفتی محمود کے پاس تھی لیکن وہ مسلم لیگ کے دو قومی نظریہ کی لہر کو جداگانہ الیکشن میں تبدیل نہ کرا سکی۔ 77-3-7 کو قومی اسمبلی کے مخلوط انتخابات ہوئے جن میں پیپلز پارٹی نے 155 اور قومی اتحاد نے صرف 36 نشستیں حاصل کیں اس پر قومی اتحاد نے زبردست دھاندلی کا الزام لگا کر 77-3-10 کے صوبائی اسمبلیوں کے مخلوط انتخابات کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ پیپلز پارٹی نے بڑی آسانی سے یہ انتخابات جیت لئے۔ دھاندلی کی تحریک قومی اتحاد کی طرف سے چل رہی تھی۔ دوبارہ الیکشن کی بات چیت جاری تھی کہ 77-7-5 کو جنرل محمد ضیاء الحق نے مارشل لاء نافذ کر کے 90 دن میں انتخابات کے انعقاد کا اعلان کر دیا۔ سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو گرفتار کر لیا گیا کہ وہ ایک مقدمہ قتل میں ملزم ہیں۔

بیگم نصرت بھٹو نے مارشل لاء کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا۔ ذوالفقار علی بھٹو کو 79-4-4 رات 2 بجے پھانسی دے دی گئی۔

جنرل محمد ضیا الحق کا دور کیسا رہا؟ یہ جماعت کے حامی ایک وزیر سے پوچھئے جن کے پاس وزارت اطلاعات کا قلمدان تھا۔ ارشاد احمد حقانی صاحب کا بیان 4 فروری 97ء کے خبریں اخبار میں یوں آیا ہے۔

" دسمبر 84ء کے ریفرینڈم میں جنرل ضیاء الحق نے یہ سوال رکھا کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں اسلام نافذ ہو۔ اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو مجھے پانچ سال کے لئے

ملک کا صدر رہنے دیں۔ان کے اقتدار کا جواز صرف یہ تھا کہ انہوں نے اسلام کو نافذ کرنا ہے "

وہ آگے چل کر لکھتے ہیں۔

" اتنا با اختیار صدر جو مارشل لاء کے اختیارات سے بھی مسلح تھا اور دعویٰ بھی اسلام کے ساتھ محبت کا کرتا تھا۔"

آخری حتمی رائے کے طور پر لکھتے ہیں کہ

" لیکن پاکستان میں وہ بھی اسلام نافذ نہ کر سکا "

ہماری غیر جانبدرانہ رائے میں جنرل ضیاء الحق نے مخلوط انتخابات ختم کر کے جداگانہ انتخابات کرانے میں مسلم لیگ کے دو قومی نظریہ کو ضرور زندہ کیا ہے اور قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے میں قانون سازی برائے شناختی کارڈ بھی ایک مثبت قدم تھا۔ انہوں نے حدود آرڈیننس نافذ کیا البتہ نظام صلوٰۃ و زکوٰۃ میں وہ تحقیق کا پہلو فراموش کر کے روایتی ندی میں بہہ گئے جس سے یہ نظام اپنوں اور بیگانوں میں تنقید کا موضوع بنا رہا۔ جنرل ضیاء الحق شریعت بل کا آرڈیننس نافذ کر کے 17 اگست 88ء کو ایک ہوائی حادثہ میں ختم ہو گئے۔

انا اللہ وانا الیہ راجعون

